K
1
2
3
4
5
6
7

عظیم توقعات

آپ کے بچے کے مستقبل میں شراکت داری کے لئے

8

Department of Education
Joel I. Klein, Chancellor

عظیم اسکولوں کا آغاز عظیم توقعات سے ہوتا ہے

علمیت کے معیارات ان بنیادوں کی وضاحت کرتے ہیں کہ طلبا کو ہر گریڈ میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- یہ معیارات یقینی بناتے ہیں کہ تمام بچے اگلے گریڈ میں آگے بڑھنے اور بعد میں کالج میں کامیابی حاصل کرنے، کمائی کرنے اور اپنی برادریوں کے کارآمد اراکین بننے کے لئے تیار ہیں- بچوں میں تعلیم کا شوق پیدا کرنے کی ضرورت ہے جو انھیں ایک ایسی دنیا سے بہتر طور پر وابستہ کرے گی جہاں اہم معلومات تیزی سے تبدیل ہوتی اور ابھرتی ہیں-

اس مسابقتی عالمی معیشت میں کام کی تلاش اور تیزی سے تبدیل ہوتی دنیا میں فرائض کی انجام دہی کے لئے ہمارے بچوں کو پہلے سے کہیں زیادہ جاننے کی ضرورت ہو گی- یہ حقیقت ان سندیافتگان کے لئے ہے جو چار سالہ کالجز میں داخلہ لینے کا منصوبہ بناتے ہیں؛ اور ان طلبا کے لئے بھی یہ ایک حقیقت ہے جو ہائی اسکول کے بعد ہی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کرنا چاہتے ہیں-

نیویارک ریاست کے جو معیارات ہم استعمال کرتے ہیں ہمارے طلبا کو ایسا محنت طلب نصاب فراہم کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہیں جو اس امر کو یقینی بنائے کہ ان میں تخلیقی، تنقیدی فکری مہارتیں اور مسائل سلجھانے کی قابلیت پیدا ہو جس کی انھیں جدید دنیا کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے ضرورت ہوگی- مگر معیارات محض نقطۂ آغاز ہیں، منزل نہیں- ہمارے طلبا علم کی مضبوط بنیاد کی تکمیل اور تعمیر کے ذریعے اپنی تعلیم سے بہترین مفاد حاصل کریں گے-

یہاں آپ کو کچھ مثالیں ملیں گی کہ تعلیمی سال کے اختتام تک آٹھویں گریڈ کے طلبا کو فنونِ زبان، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس میں کیا جاننے اور کرنے کے قابل ہونا چاہئیے- آپ کو ایسے بھی طریقے ملیں گے جن کے ذریعے آپ بحیثیت خاندان کے تدریس کی اعانت کرسکتے ہیں، بشمول ایسی چیزیں جو آپ گھر پر، اپنے گردونواح اور ہمارے عظیم شہر کے اطراف میں کر سکتے ہیں-

یہ گائیڈ آٹھویں گریڈ کے لئے معیارات کے صرف چند نمونے فراہم کرتی ہے- دیگر معیارات کا کیا ہو گا؟ آپ کے بچے کو آٹھویں گریڈ شروع کرنے سے پہلے کیا سیکھ لینا چاہیے تھا؟ وہ نویں اور اس سے اگلے گریڈز میں کیا سیکھے گا؟ آپ ان تمام سوالات کے جوابات اپنے بچے کے استاد سے پوچھ سکتے ہیں یا ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر تلاش کر سکتے ہیں-

مطالعے کی عمدہ عادات

اپنے بچوں میں مطالعے کی اچھی عادات کے فروغ میں معاونت کے لئے:

- ❑ ہوم ورک کرنے کے لئے گھر میں ایک آرام دہ جگہ مقرر کریں جہاں پین، پینسلیں، کاغذ، قینچی اور ٹیپ جیسا عام سامان قریبی دستیاب ہوں-
- ❑ اپنے بچے کو روزانہ مفوضہ کام لکھنے اور ترتیب کرنے کے لیے کہیں- ان کو یہ سیکھنے کی ضرورت ہے کہ اپنے وقت کو کس طرح منظم کیا جائے اور طویل المیعاد مقاصد کی طرف محنت کی جائے-
- ❑ انکو سب سے مشکل ہوم ورک پہلے کرنے کی ترغیب دیں، نہ کے آخر میں-
- ❑ اس امر کو یقینی بنائیں کہ مفوضہ کام مکمل اور بروقت ہے- صحیح جواب حاصل کرنے کے بجائے اس کی زیادہ فکر کریں کہ کام مکمل کرنے کے لیے کیا طریقِ عمل اپنایا گیا-

دیگر خیالات کے لئے ملاحظہ کیجئیے:
www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

معذوری کے حامل طلبا:

تاوقتیکہ طلبا کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں کسی اور طرح بیان کیا گیا ہو، معذوری کے حامل طلبا عمومی تعلیمی نصاب میں شریک ہوں گے جس میں مختلف تدریسی سطوح اور مختلف ماحول کے مطابق ردوبدل کیا جا سکتا ہے (جیسے کہ باہمی ٹیم تدریس یا خصوصی تعلیم کی خود مختار کلاسیں)- موافقت میں تدریسی امداد جیسے کہ کیلکولیٹرز اور بصری آلات کا استعمال، نئی مہارتیں سیکھنے کے لئے اضافی وقت کی فراہمی، اور معذوری کے حامل طلبا کے معیارات کی تکمیل میں مدد کے لئے اسائنمنٹس کی طوالت میں کمی وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں-

اپنے بچے کے اساتذہ سے پوچھئیے

علمی معیارات آپ کو اساتذہ سے اس بارے میں بات کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیا سیکھ رہا ہے اور آپ گھر پر اس تعلیم میں کس طرح معاونت کر سکتے ہیں- ذیل میں چند سوالات ہیں جو آپ پوچھ سکتے ہیں-

کسی معیار کے بارے میں مزید جاننا:

- ❑ کیا آپ مجھے طالب علم کے کام کے ایسے نمونے دکھا سکتے ہیں جو اس معیار پر پورا اترتے ہوں؟
- ❑ کیا میں اس معیار سے متعلق اپنے بچے کے کام کے کچھ نمونے دیکھ سکتا ہوں؟
- ❑ تعلیمی سال کے دوران میرا بچہ اس معیار پر کب کام کرے گا؟
- ❑ اس معیار کی تکمیل یا اس سے متجاوز ہونے کے لئے آپ کون سی سرگرمیاں اور سامان استعمال کرتے ہیں؟ آپ کیا کلاس ورک اور ہوم ورک تفیوض کرنے توقع کرتے ہیں؟
- ❑ وہ کون سی مشقیں ہیں جو میں اس معیار میں امداد کے لئے اپنے بچے کے ساتھ کر سکتا ہوں؟
- ❑ اس رہنمائی کتابچہ میں دئیے گئے معیارات کے علاوہ اس سال میرے بچے کے لئے مزید کیا سیکھنا متوقع ہے؟

یہ جاننا کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیسا کر رہا ہے:

- ❑ میرا بچہ کن مضامین میں گریڈ کی سطح پر کام کر رہا ہے؟ کیا کوئی ایسے مضامین ہیں جس میں میرے بچے کو بہتری کی ضرورت ہے؟
- ❑ کیا میرا بچہ گریڈ سطح پر مطالعہ کررہا ہے؟ کیا آپ مجھے چند کتابیں دکھا سکتے ہیں جو میرا بچہ پڑھ سکتا ہے؟
- ❑ میرا بچہ ہر روز ہر مضمون پر کام کرنے میں کتنا وقت صرف کرتا ہے؟
- ❑ آپ دورانِ سال میرے بچے کی ان مضامین میں کس طرح تشخیص کرتے ہیں؟

یہ جاننا کہ اپنے بچے کی معاونت کس طرح کریں:

- ❑ رپورٹ کارڈز کے علاوہ وہ کون سے بہترین طریقے ہیں جن سے اس بارے میں کہ میرا بچہ کیسا کام کر رہا ہے تابہ امروز رہا جا سکتا ہے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق نہیں ہے: اسکول میرے بچے کو کیا امداد پیش کرنے کے قابل ہے؟ میں اپنے بچے کے ساتھ گھر پر کیا کر سکتا ہوں جس سے میرے بچے کو اسکول میں بہتر کام کرنے میں مدد ملے؟
- ❑ اگر آپ کا بچہ گریڈ کی سطح کے مطابق یا اس سے بالاتر ہے: آپ میرے بچے کی اضافی تعلیمی تقویت اور معاونت کے لئے کیا تجویز کرتے ہیں؟ میں گھر پر کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

8

فنونِ زبان

گھر پر تعلیم

اہلِ خانہ کی آبائی زبانوں اور انگریزی میں درج ذیل تدابیر استعمال کی جاسکتی ہیں-

نو عمروں کی نیویارک پبلک لائبریری کی ٹین لنک ویب سائٹ teenlink.nypl.org/WordSmiths-Current.cfm پر نوعمروں کے منتخب مطبوعے، ورڈ سمتھ میں اشاعت کے لئے اپنی **حقیقی نظمیں یا چھوٹی کہانیاں بھیجنے کے لئے اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں-**

اپنے بچے کی — کاغذ پر اور ای میل رابطے میں الفاظ کے **صحیح ہجے کرنے کی حوصلہ افزائی کریں-** گھر پر ایک لغت رکھیئے یا www.m-w.com پر الفاظ کی ہجّے آن لائن چیک کیجئیے-

کوئی حالیہ مقامی کہانی یا مسئلے کا انتخاب کیجئیے اور اپنے بچے کو اسے کا نیویارک کی مختلف مطبوعات جیسے کہ دا نیویارک ٹائمز www.nytimes.com؛ دا نیویارک ڈیلی نیوز، www.nydailynews.com؛ اور نیویارک میگزین، nymag.com میں مختلف انداز میں بیان کیے جانے کی مماثلت کے لیے آزمائیں-

خاندانی گفت و شنید کو اولین بنائیں- اگرچہ آپ ہمیشہ مصروف ہیں، پھر بھی کچھ وقت نکالئیے، جیسے اتوار کی رات کا کھانا جب آپ سب مل کر بیٹھتے ہیں اور صحیح معنوں میں گفتگو کرتے ہیں- ہر ایک کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ حصہ لے-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- یہ فیصلہ کرنے کے لئے کہ آیا معلومات قابل اعتبار اور بالکل درست ہیں کسی مصنف کے عقائد، غرض و نیت، قیاس، اور تعصبات کے بارے میں سوال پوچھ سکیں-
- ان مختلف قسم کی بولیوں کو پہچان سکیں جو دوست اور رفقأ گفتگو کے لئے استعمال کرتے ہیں- مثال کے طور پر انہیں نافہم زبان (تکنیکی اصطلاحات، نوجوانوں کی عام بولی، یا دیگر مختلف قسم کے الفاظ جو کسی خاص گروہ یا پیشے میں کوئی مخصوص معنی رکھتے ہیں مگر باہر والوں کے لئے نہیں) اور عام بول چال کی زبان (غیر رسمی، روز مرّہ کی زبان) کو سمجھنا چاہئیے-
- تقریر، گروہی مباحثے، موک ٹرائل، اور معلومات کو پیش کرنے کے دیگر رسمی اندازوں کو سمجھ اور استعمال کر سکیں-
- تین یا اس سے زائد صفحات کا ایسا مضمون لکھ سکیں جو دو یا اس سے زائد ادبی عبارتوں (ناول، ڈرامے وغیرہ) کے کرداروں، ماحول، مزاج، اور لہجے جیسے عناصر کی مماثلت اور موازنہ کرے-
- کم از کم 25 کتابوں کا مطالعہ کرسکریں اور انہیں سمجھ سکیں، بشمول ایک موضوع پر یا ایک ہی مصنف کی یا ایک ہی ادبی صنف کی کم از کم چار کتابیں-
- کسی ادبی عبارت یا کارکردگی کے مفہوم کو واضح کرنے کے لئے سوال پوچھ سکیں یا اس کا جواب دے سکیں-
- پیشکشوں میں مؤثر طریق کار کی شناخت کر سکیں، جیسے جذباتی یا اخلاقیاتی گزارشات-
- مختلف ادبی سرگرمیوں جیسے کہ تحریر، ڈرامہ، زبانی پیشکش اور مخلوط ذرائع ابلاغ کی پیش کش کی تحقیق کے ذریعے کسی عنوان کی تفہیم کا اظہار کرسکیں-
- زیادہ تعدد والے الفاظ کے وسیع گروہ کو اور کسی مخصوص مواد سے متعلق الفاظ کو دیکھتے ہی پہچان سکیں- مثال کے طور پر، سائنس، معاشیات، کھیل یا کمپیوٹر گیمز سے متعلق الفاظ کو پہچان سکیں-
- متعدد اصناف سے خاموش اور باآواز بلند مطالعہ کرسکیں-

ریاضی

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- ایک فیصد سے کم شرح فیصد کو پڑھ، لکھ، اور شناخت کر سکیں (جیسے کہ کسی شرح فیصد کا ½ فیصد، یا 0.005) اور 100 فیصد سے زائد (جیسے کہ 230 فیصد، یا 2.30)
- ایسے مسائل حل کر سکیں جن میں فیصد موجود ہو- مثال کے طور پر سیلز ٹیکس کا تخمینہ لگانا، سادہ منافع، قیمت فروخت، معاوضہ، یا بخشش شمار کرنا-
- زاویوں کے مختلف جوڑوں کی شناخت کر سکیں: عمودی زاویے (ایک دوسرے کے مقابل زاویے جو ایسی جگہ ہوں جہاں دو خطوط ایک دوسرے کو قطع کرتی ہوں)، ضمنی زاویے (دو زاویے جن کا کل 180 درجے ہو) اور متمم زاویے (دو زاویے جن کا کل 90 درجے کا ہو یا ایک زاویہ قائم)-
- زاویوں کے ایسے جوڑوں کو پہچان سکیں جو اس وقت وجود میں آتے ہیں جب دو متوازی خطوط کو کوئی تیسری خط قطع کرتی ہے-
- گراف پر کسی خط کی ڈھلوان — کسی خط کی عمودی سطح، جس کی توضیح دو نکات کے راسی اور افقی فاصلوں میں تبدیلی کے تناسب سے کی گئی ہو کا تعین کرسکیں-
- روایتی پیمائشوں کو ان کی میٹرک کے مساوی قدروقیمت میں تبدیل کرنے کے لئے مساوات اور تناسبات کو حل کر سکیں- مثال کے طور پر 2 میل x 1.6 کیلومیٹرز / میل = 3.2 کیلو میٹرز
- درجہ حرارت کو فارن ہائٹ سے سیلسیس اور اسکے برعکس میں تبدیل کر سکیں- مثال کے طور پر $C = \frac{5}{9}(F - 32)$
- کثیر رقمی کی جمع اور تفریق کر سکیں (ایسے جملے جو ایک یا ایک سے زائد متغیرات پر مشتمل ہوں، جیسے کہ x اور y، اور مستقل رقم جیسے کہ صحیح اعداد) اور صرف جمع، تفریق، ضرب اورغیر تبدیل شدہ مثبت صحیح عدد کے قوت نما استعمال کر سکیں - مثال کے طور پر $2x^2 + 3x + 4$ ایک الجبرائی ترقیم ہے-
- الجبرائی اقدار کے اجزائے ضربی بنا سکیں- مثال کے طور پر: $x^2+3x+2 = (x+2)(x+1)$
- طبعی حالت کو دکھانے اور سمجھنے کے لئے ریاضی کا استعمال کر سکیں (جیسے کہ اپنے گھر کا ایک اسکیل ماڈل تعمیر کرنا)؛ سماجی حالت (جیسے کہ گرمیوں کی چھٹیوں کے لئے ایک بجٹ بنانا)، اور ریاضی کی حالت (جیسے کہ الجبرائی مساواتوں کا گراف بنانا اور گراف کے خطوط کی وضاحت اور موازنہ کرنا)-

گھر پر تعلیم

رقم کو سمجھداری سے خرچ کرنے میں اپنے بچے کی مدد کریں- بجٹ، محدود وسائل میں خرچ کی منصوبہ بندی، پیسہ کمانا، اور مستقبل کی خواہشات اور ضروریات کے لئے بچت پر بات کیجئیے- اس پر بھی گفتگو کریں کہ کریڈٹ کی قیمت، اور چیکنگ اکاؤنٹ اور کریڈٹ کارڈ جیسے وسائل دونوں کس طرح مددگار ہو سکتے اور مہنگے پڑ سکتے ہیں-

میتھ ورلڈ کلاس روم کی ویب سائٹ mathworld.wolfram.com/classroom پر پری الجبرا، الجبرا، جیومٹری اور دیگر ریاضی کے شعبوں میں **واضح اصطلاحات اور مظاہروں کی پیش کش کرتا ہے-**

اپنے بچے کو ایسی تمام ملازمتیں یاد دلائیں جس میں ریاضی شامل ہے — بشمول زیادہ واضح پیشے جیسے کہ اکاؤنٹنٹ اور راکٹ کا سائنس دان اور غیر واضح انتخابات جیسے کہ ماہر نفسیات اور گھڑ دوڑ کی تربیت دینے والا- اپنے بچے کو ایسے مواقع ڈھونڈنے میں مدد دیں جس میں وہ ان دلچسپیوں کی تحقیق کرے-

بچوں کی "On-Lion" نیویارک پبلک لائبریری کی نوجوانوں کے لیے ویب سائٹ kids.nypl.org/science/math.cfm پر ریاضی اور سائنس کے بہترین گیمز اور دریافتیں موجود ہیں، بشمول ہوم ورک میں معاونت اور مڈل اسکول کی ریاضی کے تصورات اور مسائل پر سوالات اور جوابات-

سائنس

آٹھویں گریڈ کی سائنس تولید، وراثت اور ارتقأ؛ اپنے ماحول میں انسان؛ زمین، سورج اور چاند کا نظام؛ زمینی طاقتوں اور حرکت پر تحقیق کرتی ہے-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- یہ سمجھ سکیں تمام حیاتیات میں جینیاتی خصوصیات نسل در نسل منتقل ہوتی ہیں-
- جنسی تولید (دو والدین سے تولید) اورلاجنسی تولید (جس میں صرف ایک والدین کی ضرورت ہوتی ہے) کی مماثلت اور موازنہ کریں-
- وراثت کے عناصر بشمول ڈی این اے (خلیے کا ایسا مواد جو جینیاتی ہدایات کا حامل ہے)، جینز (ڈی این اے کے وہ ہدایتی ٹکڑے جو کسی مخصوص صفت پر مشتمل ہوتے ہیں جیسے کہ لال بال)، اور جینیاتی تبدیلی (صفات میں وہ تبدیلی جو اس وقت وجود میں آتی ہے جب ڈی این اے کو نقصان پہنچتا ہے یا اسے تبدیل کیا جاتا ہے) کو سمجھ سکیں-
- قدرتی وسائل اور توانائی بشمول قوم، علاقے، یا خاندان کی توانائی کی ضروریات؛ توانائی کے قابل تجدید وسائل جیسے کہ شمسی توانائی؛ اور توانائی کے ناقابل تجدید وسائل، جیسے کہ کوئلہ اور تیل کو سمجھ سکیں-
- ماحولیاتی مسائل کو سمجھیں جیسے کہ کوڑا کرکٹ اور دیگر باقیات کو کس طرح پھیکنا ہے؛ ہمارے بڑھتے ہوئے شہروں کی زمین کو کس طرح سے بہتر سے بہتر طور پر استعمال کرنا ہے، ہوا اور پانی کی آلودگی؛ اور ارضیاتی افزائش حرارت-
- غذائیت اور صحت کے درمیان تعلق بشمول ماحولیاتی زہر کے اثرات کو سمجھیں، جیسے کہ ایسے کیمیات جو غذائی کڑیوں کے سلسلے سے داخل ہوتے ہیں؛ بیماری لگانے والی اجزأ سے متاثر غذا سے پیدا ہونے والی بیماریاں جیسے کہ فساد ہضم (سالمونیلا)؛ اور نظام کی ناکامی، جیسے کہ دل کا مرض یا ذیابیطس-
- سماوی اشیأ جیسے کہ ستارے، سیارے، دمدار ستارے، چاند اور سیارچے کی درجہ بندی کر سکیں-
- نیوٹن کے دوسرے اور تیسرے قانون کو سمجھ سکیں: اگر کسی چیز پر کوئی اصل توانائی لگائی جائے تو وہ اس قوت کی سمت میں تیزی سے حرکت کرے گی اور ہر عمل کا ایک مساوی اور مخالف ردعمل ہوتا ہے-
- کسی چیز کی رفتار اور اسراع کا تعین کر سکیں (ایسی شرح جس سے وہ رفتار پکڑتی ہے)-
- سبب اور اثر کے تعلقات کی شناخت کریں-

گھر پر تعلیم

نشریات میں شائع ہونے والی **سائنس کی خبروں پر باقاعدگی سے بات کریں-** کوئی نئی دریافت آپ کی زندگی کو کس طرح متاثر کرسکتی ہے؟ آپ کا بچہ اس دریافت سے فائدہ اٹھانے یا سیکھنے کے لئے کیا کر سکتا ہے؟

اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ اپنے گردونواح کے تحفظ میں شریک ہوں- پوری ریاست کے واقعات کے ایک جامع گائیڈ بشمول اساتذہ اور طلبا کے لئے ذرائع اور پروگرامز کے لئے نیویارک ریاست کے محکمہ برائے تحفظ کی ویب سائٹ www.dec.ny.gov/index.html ملاحظہ کریں-

اپنے بچے کے ساتھ اپر ایسٹ سائڈ کے امریکی میوزیم آف نیچرل ہسٹری کے روز سینٹر فار ارتھ اینڈ سائنس www.amnh.org/rose میں واقع **ہیڈن پلانیٹیریم کا دورہ کریں-** www.nasa.gov پر خلائی تصاویر تلاش کریں یا نیویارک پبلک لائبریری میں kids.nypl.org اجرام فلکی پر کتابیں تلاش کریں-

معاشرتی علوم

آٹھویں گریڈ کی معاشرتی علوم میں طلبا ریاستہائے متحدہ اور نیویارک ریاست کے صنعتی دور سے اب تک کی تاریخ پر تحقیق کرتے ہیں-

تعلیمی سال کے اختتام تک تمام طلبا کو اس قابل ہو جانا چاہئیے کہ:

- ریاستہائے متحدہ کی جانب نقل مکانی کی مختلف لہروں، نقل مکانی سے متعلق عوامی پالیسیز، اور نقل مکانی کرنے والوں کی امداد کی وجوہات اور اثرات کا تجزیہ کر سکیں-
- مختلف ذرائع استعمال کر کے مخلوط نکتہء نظر تلاش کرسکیں- مثال کے طور پر کیا تمام رہائشی یقین رکھتے ہیں کہ ریاستہائے متحدہ کو جنگ عظیم I یا II میں شامل ہونا چاہئیے تھا؟
- صنعتی انقلاب کے فائدے اور نقصانات کا جائزہ لے سکیں اور اس پر بحث و مباحثہ کر سکیں-
- قوم کے صنعتی طور پر زیادہ ترقی یافتہ ہونے پر امریکہ کے ملازمین میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں- مثال کے طور پر 20th صدی کے اوائل میں کھیتوں میں کام کرنے والوں کی تعداد بمقابلہ فیکٹری کے ملازمین کی تعداد میں تبدیلی کو بیان کر سکیں-
- 20th صدی کے پہلے نصف میں افریقی - امریکیوں کی ریاستہائے متحدہ کے جنوب سے شمال میں نقل مکانی کی وجوہات کی وضاحت کر سکیں-
- ان عوامل پر تحقیق کر سکیں جنھوں نے ریاستہائے متحدہ کو جنگ عظیم I اور جنگ عظیم II کے دوران دنیا کی ایک معاشی طاقت بننے میں مدد دی-
- ان مختلف معاشی حالات کا موازنہ کر سکیں جو 1920 اور 1930 کے دوران ریاستہائے متحدہ میں موجود تھے؛ مثال کے طور پر، جنگ عظیم اول کے اختتام پر جنگی حالت کی معیشت، صنعتی معیشت اور کارخانوں میں اضافہ، اور سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی-
- عظیم پژمردگی (گریٹ ڈپریشن) کے دور، جنگ عظیم دوئم اور دیگر ادوار میں وسائل کی کمی نے ریاستہائے متحدہ میں زندگی کو کس طرح متاثر کیا-
- شہری حقوق کی تحریک کے مشہور رہنماؤں جیسے کہ مارٹن لوتھر کنگ جونئیر (Martin Luther King, Jr.)، روزا پارکس (Rosa Parks)، اور میلکم ایکس (Malcolm X) کی امداد سے واقف ہوں اور انکی قدر شناسی کرسکیں-

گھر پر تعلیم

اپنے بچے سے ان پیشہ ورانہ موقعوں کے بارے میں بات کریں جو آج کے نوجوانوں کے لئے موجود ہیں- وہ ان (مواقع) سے کس طرح مختلف ہیں جب آپ ان کی عمر کے تھے؟ اپنے بچے سے ان مہارتوں کے بارے میں بات کریں جو آجکل ایک اچھی ملازمت کے لئے ضروری ہیں-

ساتھ مل کر، نیویارک پبلک لائبریری کی ویب سائٹ kids.nypl.org/newyork/newyorkhistory.cfm پر نیویارک شہر کی تاریخ **کی تحقیق کریں**- اس پر گفتگو کریں کہ کس طرح ہر ایک برو نے صنعتی دور میں نشو و نما پائی اور تبدیل ہوا-

www.nycsubway.org پر **نیویارک شہر کے مشہور سب وے نظام کی ترقی پر تحقیق کیجئیے**- مل کر غور کیجئیے کہ سب وے یا نقل و حرکت کے دیگر تیز رفتار نظام کسی شہر کی معاشی نشوونما میں کس طرح معاونت کرتے ہیں- اس سائٹ کو ہمارے اسٹیشنز کے فن کے بارے میں جاننے کے لئے بھی استعمال کیجئیے-

اپنے بچے سے اپنے کسی ایسے پردادا / نانا یا دیگر رشتہ دار سے بات کرنے کی حوصلہ افزائی کیجئیے جنہوں نے جنگ عظیم II میں شرکت کی ہو- یہ گفتگو ریکارڈ کریں اور کانگریس کے جنگ دیدہ بزرگ کی تاریخ کے پراجیکٹ www.loc.gov/vets کی لائبریری میں جمع کرائیں-

مزید ضروری معلومات اور مہارتیں

ہمارے آٹھویں گریڈ کے طلبا پڑھنے، لکھنے، اور ریاضی کرنے سے کہیں زیادہ سیکھ رہے ہیں اور سائنس اور معاشرتی علوم کے بنیادی تصورات کو سمجھتے ہیں۔

- **آرٹس:** آٹھویں گریڈ کے طلبا آرٹ کی ہر دو اقسام کا ایک سیمسٹر مکمل کرتے ہیں جیسے بصری فنون، رقص، موسیقی اور تھیٹر۔ وہ آرٹ کی قسم میں مہارتوں اور طریقوں کو وسعت دیتے ہیں؛ طبع زاد کام تخلیق کرتے ہیں؛ ذخیرہ الفاظ اور ملحقہ ادب پر عبور پاتے ہیں، تاریخ کی تحقیق کرتے ہیں؛ اور آرٹس کے اداروں کو تعلیمی کے ذرائع، ممکنہ طرزِ معاش، اور ان مطالعاتی موضوعات میں اعلٰی تعلیم کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **تندرستی اور صحت:** طلبا اپنی ذاتی صحت اور سلامتی، اپنے اہل خانہ اور دوستوں کی صحت، اور اپنے اسکولز اور کمیونٹیز کی صحت کو بہتر بنانے کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر تمام مضامین میں طلبا خاندان، ساتھیوں، اور ذرائع ابلاغ کے صحت مندانہ رویوں پر اثرات کا تجزیہ کرنا؛ اور صحت مندانہ رویوں پر عمل کرنا اور نقصاندہ یا خطرناک عادات جیسے کہ سگریٹ نوشی اور نشے کی لت سے بچنا سیکھتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **لائبریری اور تحقیق:** سال کے آخر تک آٹھویں گریڈ کے طلبا کسی ایسے عنوان تک پہنچنے کے لئے کسی ایسے سوال کی ترمیم کر سکتے ہیں جس پر تحقیق کی جا سکے؛ مختلف سرچ انجنز کے استعمال سے اعلی تحقیق کر سکتے ہیں؛ ایک متوازن نکتہء نظر کے لئے مختلف ذرائع سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں؛ ثبوت کے ساتھ نتائج تک پہنچ سکتے ہیں، اصل کام تخلیق کرنے کے لئے معلومات کا استعمال کر سکتے ہیں؛ خود مختاری سے متعدد کی اصناف کا مطالعہ کرکے اور اس پر اپنا ردعمل بانٹ سکتے ہیں؛ ذہنی آزادی اور ذہنی ملکیتی حقوق پر اپنی سمجھ کا اظہار کر سکتے ہیں؛ اور انٹر نیٹ کا اخلاقی اور مناسب طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

- **ٹیکنالوجی:** آٹھویں گریڈ کے طلبا ٹیکنالوجی اور معلومات کے محفوظ اور قابل قبول استعمال پر عمل، بحث، اور اسے بانٹنے کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں۔ طلبا مختلف ذرائع ابلاغ کا استعمال، اس کو مرتب کرنے، تشکیل دینے، اور تخلیق کو پیش کرنے کے طریقے جانتے ہیں (مثال کے طور پر پیش کشیں، خبر نامے اور ویب پیجز) جو مخلوط سامعین کے سامنے نصاب سے متعلق معلومات اور خیالات کو زیادہ اثر انگیز طور پر پہنچا سکتے ہیں۔ طلبا کمپیوٹر سے متعلق سماجی آداب و اخلاق کے مسائل کا جائزہ لیتے ہیں اور مؤثر اظہار و ابلاغ، تعاون، ذاتی تخلیقی صلاحیت اور تاحیات تعلیم میں معاونت کے لئے ٹیکنالوجی کے زیادہ مؤثر استعمال کے ذرائع پر بحث کرتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics

مزید جانئیے

یہ رہنمائی کتابچہ آپ کو ان متعدد معیارات کا سرسری جائزہ فراہم کرتا ہے جو آپ کا بچہ اس سال سیکھے گا۔ آپ ہماری تعلیم وتدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics پر گریڈز K-8 تک کے رہنمائی کتابچے، اسکے علاوہ تمام مضامین اور تمام گریڈز کے مکمل معیارات کی نقول کو ملاحظ اور ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

شعبہ برائے تعلیم و تدریس اور دفتر برائے خاندانی شمولیت اور حمایت (OFEA) آپکے بچے کی تعلیم کے بارے میں اور ان خیالات کے بارے میں دیگر معلومات پیش کرتا ہے کہ آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کو اعانت فراہم کرسکتے ہیں، دونوں گھر پر اور اپنے بچے کے اسکول میں۔ مزید معلومات کے لیے تعلیم و تدریس کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/academics اور OFEA کی ویب سائٹ www.nyc.gov/schools/languages/urdu/OFEA ملاحظہ کیجئیے۔ آپ اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ یا OFEA کے ساتھ 2323-374 (212) یا ofea@schools.nyc.gov پر رابطہ بھی کرسکتے ہیں۔ علاوہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ شہر کے دیگر ثقافتی اور تاریخی اداروں کی سیر کے لئے 311 پر فون کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

DIAL 311

T&I-7924 8th (Urdu)

NYC Department of Education
Joel I. Klein, Chancellor